**PAPER CODE: BU2021101**

# KALOJI NARAYANA RAO UNIVERSITY OF HEALTH SCIENCES
## TELANGANA STATE, WARANGAL – 506 002
## BUMS FIRST PROFESSIONAL DEGREE EXAMINATIONS: MARCH, 2026
## URDU ARABIC AND MANTIQ WA FALSAFA
(**URDU, ARABIC, LOGIC AND PHILOSOPHY**)
**(Paper-I)**
**(Urdu and Arabic)**

**Time: 3 Hours.** **Max Marks: 100**

**Note:** Answer all questions.
Give Diagrammatic representation wherever necessary.

---

**Write ALL of the following Multiple Choice Questions: 20 X 1 = 20**

1 مندرجہ ذیل میں سے کونسا لفظ اردو میں جمع نہیں ہے؟
A-دلائل B-تدابیر
C-اوزار D- امراض

2 مندرجہ ذیل میں ایسے مجموعہ کی نشاندہی کیجئے جس کا ایک لفظ دوسرے کی ضد ہو؟
A- سورج وآفتاب B- مرض وامراض
C- صحت ومرض D- طبیب واطباء

3 "چند گھنٹے" میں چند کونسی صفت ہے؟
A-صفت ذاتی B- صفت نسبتی
C- صفت مقداری D-صفت عددی

4 "کون اور کیا" کونسی ضمیریں ہیں؟
A-ضمیر شخصی B- ضمیر موصولہ
C- ضمیر استفہامی D- ضمیر اشارہ

5 مندرجہ ذیل میں سے کونسا فعل متعدی ہے؟
A-آیا B-سو رہا ہے
C- جائے گا D- لکھتا ہے

6 "وہ سو رہا ہوگا" فعل کی کونسی قسم ہے؟
A- ماضی بعید B- ماضی مطلق
C-ماضی تمنائی D- حال احتمالی

7 "میرا دوست خالد ایک طبیب ہے" اس جملہ میں خبر کونسا لفظ ہے؟
A-میرا B-دوست
C-خالد D- طبیب

8 جملہ کی تعریف کیا ہے؟
A- ادھوری بات کو جملہ کہتے ہیں B- مبتدا کو جملہ کہتے ہیں
C- خبر کو جملہ کہتے ہیں D-الفاظ کا ایسا مجموعہ جس سے بات پوری طرح سمجھ میں آ جائے

9 "شہر کی رات اور میں ناشاد وناکارا پھروں" کس شاعر کی نظم کا مصرعہ ہے؟
A – علامہ اقبال B – میر تقی میر
C – مجاز لکھنوی D- مرزا غالب

10 مشہور نظم "آوارہ" کس شاعر کی لکھی ہوئی ہے؟
A – علامہ اقبال B – میر تقی میر
C – مجاز لکھنوی D- مرزا غالب

11 مندرجہ ذیل میں کونسا کلمہ فعل نہیں ہے؟
A- يَخرُج B- خَرَجَ
C-الخُرُوجُ D- أُخْرُجْ

12 "أساتِذَةٌ" کونسی جمع ہے؟
A- جمع مکسر B- جمع مذکر سالم
C-جمع مؤنث سالم D- جمع الجموع

13 مندرجہ ذیل میں مرکب تام کونسا ہے؟
A- رَجُلٌ مُجْتَہِدٌ B- هذا الكتابُ المفيدُ
C- وَجعُ البَطنِ D- کوئی نہیں

14 جملۂفعلیہ کسے کہیں گے؟
A- وہ جملہ جوفعل سے شروع ہو B- وہ جملہ جواسم سے شروع ہو
C- وہ جملہ جس میں اسم موجود نہ ہو D- وہ جملہ جو فعل پر ختم ہو

15 "تَخْرُجُوْنَ"فعل مضارع کا کونسا صیغہ ہے؟
A- جمع متکلم B- جمع مذکر حاضر
C- جمع مؤنث حاضر D- جمع مذکر غائب

16 "اِجْلِسْ"کونسافعل ہے؟
A- فعل ماضی B- فعل مضارع
C- فعل امر D- فعل نہی

17 "جَرّاحٌ" کونسا اسم مشتق ہے :
A- اسم فاعل B- اسم مفعول
C-اسم ظرف D- اسم مبالغہ

18 "أنتَ" کیا ہے؟
A- اسم اشارہ B- منادی
C- ضمیر D- اسم موصول

19 "یہ ایک پرانا مرض ہے" کی عربی کیا ہوگی؟
A – هذا مرضٌ مُزْمِنٌ B – هذا المرضُ مُزْمِنٌ
C – هذا المُزْمِنُ مرضٌ D- هذا المرضُ المُزْمِنُ

20 "الشّرْطُ آلةٌ طبيةٌ" کا ترجمہ کیا ہوگا؟
A- تھرما میٹر ایک طبی آلہ ہے B- نشتر ایک طبی آلہ ہے
C- اسٹریچر ایک طبی آلہ ہے D- چھلنی ایک طبی آلہ ہے

**Write a short essay on the following: 8 X 5 = 40**

21 مندرجہ ذیل مرکبات میں مرکب اضافی اور مرکب توصیفی چھانٹ کر الگ الگ لکھئے:
درجۂ حرارت، سفید ہاتھی، شعبۂ طب، دلِ ناداں، علم الادویہ، بنارسی پان، امراضِ نسواں، سیاہ گھوڑا، شربتِ نزلہ، عرقِ گلاب

22 مندرجہ ذیل الفاظ میں اسم، صفت، ضمیر، فعل اور تمیز کی نشاندہی کیجئے:
یہاں، وہاں، کل، پرسوں، رفتہ رفتہ، گیا، جائے گا، بیٹھا، کھا رہا ہے، میں ، تم، وہ، اس کا ، میرا، بنگلور، گھر، کالج، کرسی، محنتی، طاقتور، پنجابی۔

23 مندرجہ ذیل الفاظ میں ماضی مطلق ، ماضی تمنائی ، ماضی احتمالی اور حال احتمالی کی نشاندہی کیجئے:
وہ پڑھ رہا ہوگا، وہ سو رہا ہوگا، وہ آرہا ہوگا، وہ گیا ہوگا، تم سو گئے ہوگے، اس نے پڑھا ہوگا، کاش وہ گیا ہوتا ، کاش تم آئے ہوتے، کاش میں نے محنت کی ہوتی، تم گئے، وہ آیا۔

24 عربی قواعد کی رو شنی میں کلمہ کی تعریف اور اس کی اقسام مع مثالوں کے لکھئے، نیز ان کی علامات بھی ذکرکیجئے۔

25 جملۂ اسمیہ کی تعریف بیان کرتے ہوئے مبتدا اور خبر کے ضروری قواعد ذکرکیجئے اور اپنے جواب کو مثالوں کے ذریعہ واضح کیجئے۔

26 " جَلَسَ" سے فعل مضارع معروف کی گردان مع صیغوں اور معانی کے قلمبند کیجئے۔

27 - مندرجہ ذیل طبی اصطلاحات کو عربی میں منتقل کیجئے:
1-گٹھیا، 2- پیلیا، 3- جوڑوں کا درد، 4- متلی، 5- چکّر آنا، 6-گھٹن 7-جگر 8- گردہ 9- لنگڑا 10- نابینا

28 - تثنیہ اور جمع مذکر سالم کو اعراب کس طرح دیا جاتا ہے؟مثالوں کے ساتھ مفصّل جواب تحریر کیجئے۔

**Write an essay on the following: 4 X 10 = 40**

29 - مندرجہ ذیل میں سے صرف کسی ایک عنوان پر ایک تفصیلی نوٹ قلمبند کیجئے:
"طب کا تاریخی خاکہ" یا "حکیم محمد اعظم خاں" یا "ورزش کے طریقے اور ہدایات"

30 - مندرجہ ذیل طبی اصطلاحات کے معانی لکھئے پھر ان میں سے ہر ایک کو ایک ایک عربی جملہ میں استعمال کیجئے:
a- طَبِیْباتٌ b- مَرْضیٰ c - جَرْحیٰ d- مُمَرّضاتٌ e- غثیانٌ
f- کلْیَۃٌ g - صَیْدَلِیّۃٌ h- حُبْلی i- ضِرْسٌ j- نَقُوْعٌ

31 مرکب توصیفی کی تعریف مع مثالوں کے تحریر کیجئے اور یہ بتائیے کہ وہ دس امور کیا ہیں جن میں مرکب توصیفی کا ایک جزء دوسرے جزء کے تابع اور مطابق ہوتا ہے؟

32 فعل نہی بنانے کا طریقہ بیان کرتے ہوئے کَتَبَ سے فعل نہی حاضر کی گردان صیغوں اور معانی کے ساتھ تحریر کیجئے۔

*******